صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 18 جون 2015ء بمطابق 30 شعبان 1436 ہجری صبح گیارہ بجکر چار منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰہِ شُھَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ O وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ۔

(ترجمہ): اے ایمان والو! خدا کیلئے انصاف کی گواہی دینے کیلئے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کیلئے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ کچھ چھٹیوں کی درخواستیں ہیں: جناب صالح محمد خان صاحب، ایم پی اے 18-06-2015؛ جناب محمود جان صاحب، ایم پی اے پورے اجلاس کیلئے؛ جناب ابرار حسین صاحب، ایم پی اے 18-06-2015؛ محترمہ عظمیٰ خان، ایم پی اے پورے اجلاس کیلئے؛ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد ضوابط و طریقہ کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 142 کے ذیلی قاعدہ 3 کے تحت بجٹ پر بحث کرنے کیلئے پارلیمانی لیڈران کیلئے بیس منٹ اور دیگر ممبران صاحبان کیلئے دس منٹ کا وقت مقرر کرتا ہوں، لہذا آپ سے گزارش ہے کہ مقرر کردہ وقت میں بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کریں، نیز غیر ضروری بات سے اجتناب کریں۔ شکریہ۔ ہمیں جو لسٹ موصول ہوئی ہے، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، جناب محمد شیراز صاحب، جناب بخت بیدار صاحب۔۔۔۔۔

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2015-16 پر عمومی بحث

جناب بخت بیدار: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! ستاسو ډیره زیاته شکریه چې ما ته په 2015-16 چې کوم بجټ پیش کړے دے جناب وزیر خزانه صاحب، په هغې د وینا تاسو ما ته دعوت راکړو، ستاسو ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب! د بجټ تقریر آغاز چې کوم دے نو د اللّٰه تعالیٰ د یو پاک آیاتونو نه د سوره رحمٰن نه شوے دے، زمونږه دا سوچ وو چې کله د اللّٰه تعالیٰ دا پاک آیاتونه شروع شو نو د دې لاندې به چې کوم بجټ پیش کیږی نو هغه به هم د قرآن او د پیغمبر ﷺ د اصولو لاندې به پیش شی۔ زه صرف دا خبره کوم چې دې بجټ کښې 10% اضافه شوې ده د ملازمینو د پاره، نو په 10% باندې چې ته سوچ اوکړې، ما حساب کتاب کړے دے، د اوږو دا وړه تهیله پرې نه کیږی، دا زمونږ د دې لاندې طبقې سره انتهائی زیاتے دے۔ که د تعلیم خبره ته کوې او ته دا وائې چې ما دومره ترقی کړې ده، زه پخپله د خپلې علاقې سکولونو کښې گرځم،

دوئ دا دعویٰ کړې وه چې مونږ به چالیس وړو له یو استاد ورکوؤ خو زما په علاقه کښې د نهم د لسم هلکانو کلاس ته چې زه ورغلے یم نو هغلته 90 واړه ناست دی او هغه هم په زمکه ناست دی۔ دے آواز کوی، تیر چې کوم بجټونه پیش شوی دی چې ما دومره په فرنیچرو خرچ کړې، دومره ما دا اوکړل، دومره ما دا اوکړل، زمونږ په هغه کلاس روم کښې د استاد د ټیچنګ ځائې نشته چې وړو له سبق ورکړی، چې زمونږ د تعلیم د دې صوبې دا حال دے نو مونږ به وړاندې نوره څه ترقی اوکړو؟ او دا خبره پکښې هم شوې وه په سټارټ کښې د دواړو پارټو اشتراک حکومت کښې چې مونږ به یکساں تعلیمی نظام راولو، یکساں تعلیمی نظام خو دا وو چې زما د کیبنټ او زما د ممبرانو بچو په پرائیویټ سکولونو کښې سبق نه وئیلې، هم په دغه سکولونو کښې ئے سبق وئیلې وې نو نن به شاید چې دا بجټ داسې نه وے۔ چې د تعلیم دا حال دے نو ما ته، زه په 1993 کښې 1994 کښې ممبر وم نو ما ته به په کال کښې پچاس ساټھ پرائمری سکولونه راکړلې کیدل خپلې حلقې ته، صوبائی حلقې ته، نن دا پوزیشن دے چې دویم کال دے ما ته یو یو پرائمری سکول راکړلې کیږی۔ آواز کیږی، وائی چې بهئ مونږ به ماشومانو ته دا وایو چې هغوی بې تعلیمه پاتې نشی او داخلې له راشی، تا سره سکول کښې ځائې نشته، ته هغوی له سکول نشې ورکولے، 1993 ته ګوره او 2014 ته ګوره او 2015 ته ګوره، پاپولیشن څومره زیات شوے دے، آبادی څومره سیوا شوې ده؟ جناب سپیکر صاحب! مونږ له په دې باندې غور پکار دے۔ زه په لنډو راځمه، دلته د انګریز د دور نه واخله یو ایل آر ایچ هسپتال دے د هیلتھ په باره کښې، بیا شیرپاؤ هسپتال جوړ شو 1974 کښې او د هغې نه پس بیا حیات آباد میډیکل کمپلیکس جوړ شو خو پاپولیشن څومره دے ته اوګوره، آبادئ ته اوګوره چې څومره زیاته شوه، د 1974، 1975 نه ګوره پاپولیشن څومره زیات شوے دے چې هر هسپتال له چې ورشې، چا ته د بنیادمو لار نه ملاویږی، په وارډ کښې Bed نشته، په سټور کښې دوائی نشته، د دیهاتو به څه حال وی؟ که ته زما بی ایچ یو، آرایچ سی ته راشې، د هغې حالات به اوګورې، نن سبا په دې صوبه کښې چې کوم حالات دی د امن و امان، روزانه هغه بیماران په هغه هسپتالونو کښې نه ځائیږی نو چې کوم بفرض مهال هغه

بیمارئ دی، د هغې به څه حالات وی؟ زما دا درخواست دے چې دا حکومت د په سنجیدګئ سره سوچ اوکړی، په دې د ممبران نه خوشحالوی، په دې د قوم خوشحاله کړی چې دې صوبه کښې په ایجوکیشن باندې، په تعلیم باندې زما دا حالات دی، پوره سب ډویژن دے، زما حلقه پوره سب ډویژن دے، په هغې کښې د جینکو ډګری کالج د سره شته نه او هغه به د چکدرې نه ځی تیمرګرې ته به زما ماشومه ځی داخلې له او که د چا سره پیسې وی جو پیښور ته به راځی، دا زما حالت دے او زما وزیر خزانه صاحب ته ستاسو په تهرو دا درخواست دے چې ته خو زما ګاونډی ئې او خدائے پاک پروردګار د ګاونډی په ګاونډی باندې ځومره خپل حق دغه کړے دے، خدائے پاک وائی که بفرض مهال ما ګاونډی نور ډیر مخکښې کړو کیدې شی هغه درسره جائیداد کښې شریک شی، په میراث کښې شریک شی، نو ته خپلې حلقې ته اوګوره چې تا تالاش بائی پاس ورکړے دے، ته چکدرې بائی پاس کم از کم چې هغې کښې سحر کښې په ګهنټو ګهنټو ټریفک بند وی، د چکدرې بائی پاس تا ته په نظر نه راتلو، ستا پرې لار ده؟ تا ته تالاش غوره دے په چکدرې باندې هم ته پاس کیږې کنه؟ یوؤلس کلومیټره بټخیله ده او هغلته چې کوم ټریفک دے، کومه مسئله ده، ته پرې روزانه ځې او راځې، زما د ملاکنډ ډویژن ممبران او دا وزیران صاحبان پرې روزانه ځی او راځی، تا ته هغه په نظر نه راځی چې بائی پاس پکار دے؟ جناب سپیکر صاحب! زه که دا خبره اوکړمه چې دا بجټ چې کوم دے، ما کټ موشنز پیش کړی دی، زه به ټائم په ټائم تاسو ته او دې ایوان ته او تاسو ته به ګزارش پیش کوم، دا دریم کال، دریم بجټ دے چې درې حلقې بره دې، لاندې څلور حلقې دی، په څلورمه کښې یو زه راغلم او زما Gateway دے، زه به تا ته پوره حساب کتاب د دوئ د انصاف او د قرآن او په تله باندې چې کوم شے پیش کړے دے، کوم بجټ پیش کړے دے، کم از کم چې وائی یو څه او کوی بل څه، د دې نه پس ما ته بل لفظ نه راځی، د دې الفاظو سره ډیره ډیره مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> سکندر خان!

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے 16-2015 کے بجٹ کے اوپر بات کرنے کا موقع دیا، لگتا ہے کہ مظفر سید صاحب نے اپنا پہلا بجٹ پیش

کیا ہے،اس کے اوپر تو میں ان کو مبارکباد بھی پیش کرتا ہوں لیکن ساتھ میں میرے خیال میں انہوں نے کوئی منت بھی مانگی ہوئی تھی کہ پہلے دن سے ہی روزہ آ گیا ہے تو وہ ہم جو بھڑاس نکالنا چاہ رہے تھے ان کے اوپر، شاید اس میں تھوڑی بہت ان کی بچت ہو جائے کہ رمضان کی وجہ سے وہ باتیں شاید ان کو نہ سننی پڑیں، جو اگر رمضان نہ ہوتا تو شاید وہ ہوتا،ان کی منت کام آ گئی ہے۔جناب سپیکر! بجٹ پارلیمنٹری سیشن کا میری نظر میں سب سے اہم اجلاس ہوتا ہے اور حکومتی اراکین کیلئے بھی اور اپوزیشن کیلئے بھی اس کی اپنی ایک اہمیت ہوتی ہے۔ایک تو چونکہ وسائل ہمارے صوبے کے ہیں، پورے سال کا نیا ڈائریکشن دینا ہوتا ہے تو اس میں یہ سب ممبران کے اوپر میرے خیال میں ایک لازمی ذمہ داری ہے کہ وہ اس میں حصہ لیں اور اپنا Input ڈالیں۔جناب سپیکر! میں یہاں پہ یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ یہ صوبہ ہم سب کا ہے اور اس کے وسائل، اس کی ترقی اور اس کی خوشحالی کے ساتھ ہم سب جڑے ہوئے ہیں، تو اگر اس میں ہم کچھ تنقید کریں، کچھ اپنی تجاویز دیں تو اس کو ایک اچھے انداز میں لینا چاہیئے، اس کو تنقید برائے تنقید کے حوالے سے نہیں لینا چاہیئے بلکہ تنقید برائے اصلاح کے حوالے سے لینا چاہیئے۔جناب سپیکر! پچھلے سال بھی جب میں نے بجٹ کے اوپر تقریر کی تھی تو چند Trends کی طرف میں نے اشارہ کیا تھا، میری توقع یہ تھی کہ حکومت کم از کم اس طرف تھوڑی نظر ڈالے گی اور ان Trends کو، چونکہ وہ Trends میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہم سب کے خلاف ہیں، اس کو کم کرنے کی کوشش کرے گی مگر سپیکر صاحب! مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج بھی وہ غلطیاں دہرائی گئی ہیں جو کہ پچھلے کئی Budgets میں دہرائی گئی ہیں۔جناب سپیکر! ایک میرا اشارہ جو ہم ایک ضد پکڑتے ہیں کہ جی ہم نے ہر صورت میں اس کو ایک بیلنس بجٹ دکھانا ہے اور جو حقیقت ہے، اس کو ایک لحاظ سے چھپانا ہے، وہ چیز اس بجٹ میں بھی بالکل واضح ہے۔جناب سپیکر! میں شروع چند ٹیکنکل پوائنٹس سے کرتا ہوں اور اس کے بعد کچھ جنرل پوائنٹس پر بات کروں گا اور پھر کچھ تھوڑی بہت میں فیڈرل بجٹ کے اوپر بھی بات کروں گا کیونکہ 80% سے زیادہ ہمارا Dependence فیڈرل بجٹ کے اوپر ہے تو اس کے اوپر بھی تھوڑی بات میں ادھر کرنا چاہوں گا لیکن سب سے پہلے سپیکر صاحب! میں، جو کہ میری نظر میں یہ ایک Deficit Budget ہے، تو میں وہ آپ کے پیش نظر کرتا ہوں۔پچھلے سال بھی ہم نے کہا تھا کہ Deficit ہے اور وہ ثابت بھی ہوا، اس سال پھر اگر آپ دیکھیں جناب سپیکر! وائٹ پیپر کا جو پہلا

General abstract کا صفحہ ہے جس میں "General abstract of revenue and expenditure 2015-2016" دیا گیا ہے، اگر آپ اس کو اٹھائیں تو اس میں سب سے ایک بڑا Chunk arrears of Net Hydel Profit 51 بلین کا دکھایا گیا ہے جناب سپیکر، اب جناب سپیکر! یہ آپ کو بھی پتہ ہے، یہ مجھے بھی پتہ ہے کہ یہ 51 بلین ہمیں نہیں ملنے ہیں اس سال، تو جب اگر اس کو ہم Reflect کریں گے تو مطلب یہ ایک لحاظ سے تو Straightaway جو Deficit کا وہ ہے، وہ اس طرف چلا جاتا ہے جناب سپیکر۔ پھر ساتھ میں جناب سپیکر! نیٹ ہائیڈل پرافٹ جو ہے، وہ 17 ارب دکھایا گیا ہے جبکہ آپ کو بھی پتہ ہے، مجھے بھی پتہ ہے کہ یقین دہانیوں کے باوجود فیڈرل گورنمنٹ نے ابھی تک Written میں ہمیں کوئی یقین دہانی نہیں دی کہ ہمیں یہ 17 ارب ملیں گے، تو پھر جو حقیقت ہے، وہ یہی ہے کہ اس دفعہ بھی چھ ارب ہی ملیں گے، تو اس حوالے سے 11 ارب کا ادھر وہ آجاتا ہے تو جناب سپیکر! 51plus11 make 62۔ پھر جناب سپیکر! "Incentive on Surplus Cash Balance"، جناب سپیکر! جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس کو، تو یہ تو آپ کو تب ملیں گے جب سال کے آخر میں آپ کا کیش سرپلس رہے گا وہاں پہ تو تب آپ کو یہ پیسے ملیں گے۔ ابھی سے اگر آپ یہ Presume کر رہے ہیں کہ جی ہمارا کیش سرپلس رہے گا اور اس وجہ سے ہمیں یہ دو ارب ملیں گے تو اس کا یا تو یہ مطلب ہے کہ آپ پھر سے ترقیاتی بجٹ خرچ نہیں کرنا چاہ رہے ہیں اور ابھی سے آپ کے ارادے یہ ہیں کہ جی ہم نے ترقیاتی بجٹ خرچ نہیں کرنا تو اسی لئے یہ Presume کر رہے ہیں کہ جی یہ دو ارب روپے بھی ہمیں ملیں گے۔ جناب سپیکر! اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی Deficit کا حصہ ہے اور اس سے 64 بلین بن جاتا ہے جناب سپیکر۔ پھر جناب سپیکر! "Recoveries of Investment of Hydel Development Fund"، اس میں 15 ارب روپے دکھائے گئے ہیں جناب سپیکر، اب جناب سپیکر! ایک سال میں تو 15 ارب روپے کا کسی انویسٹمنٹ سے آنا وہ تو سمجھ سے بالاتر ہے، یا تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ جو ہے، اس کو آپ بجٹ کا حصہ بنا رہے ہیں اور اس کو آپ ڈیویلپمنٹ بجٹ میں استعمال کر رہے ہیں Instead of the Hydel Projects، تو اس چیز کو یہاں پہ Reflect کیا گیا ہے اور اس حوالے سے میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی بھی ہے اور اس حوالے سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ 15 ارب کا

یہ بھی Deficit ہے، تو 64plus15 اگر کریں جناب سپیکر! تو یہ بن جاتا ہے 79 بلین۔ پھر جناب سپیکر!
"Financing from Past Savings" جناب سپیکر! یہ پھر ایک حوالے سے 14 ارب روپے کا جو
ہے، یہ بھی ایک Gap ہے اور Financing جب ہو گی تو اس کا یہ مطلب ہے کہ You are either
borrowing or you are going to get from a lending وہ کچھ وہ لیں گے تو 14 کا یہ، تو
یہ 93 بلین کا Deficit آ جاتا ہے۔ جناب سپیکر! This is more than 20 % of the
Budget، اگر آپ کے پاس 20 % of the Budget موجود ہی نہیں ہے جناب سپیکر! تو پھر ہم کس
لئے یہاں پر بیٹھے ہیں اور کس لئے لوگوں کا ٹائم ضائع کر رہے ہیں اور کس لئے وہ کر رہے ہیں؟ Janab
Speaker! We have to take a realistic approach، جناب سپیکر! اگر ہم
Realistic approach لیں گے تو پھر اس مسئلے کا حل بھی نکلے گا، وہ والی بات ہے جی کہ جب ڈاکٹر
مرض کی تشخیص کرے گا تو اس کا علاج بھی ہو گا، جب آپ مرض کی تشخیص ہی نہیں کرانا چاہتے، جب آپ
اس کو چھپانا چاہتے ہیں تو جناب سپیکر! پھر اس کا حل کیا نکلے گا، اس کا علاج کیا ہو گا جناب سپیکر؟ اسی طریقے
سے جناب سپیکر! Provincial own receipts اس دفعہ 37 بلین دکھائے گئے ہیں کہ وہ ٹارگٹ
رکھا گیا ہے، اگر آپ پچھلے سال کا بھی دیکھیں جناب سپیکر! تو وہ تقریباً 13 کا ٹارگٹ رکھا گیا تھا اور 15
Achieve کیا گیا تھا، جناب سپیکر! اب 15 سے ایک دم 37 پہ جانا It is too ambitious target,
I feel کہ یہ اس لحاظ سے Achieve نہیں ہو سکے گا And this will further جو Deficit ہے
اس کو بڑھائے گا جناب سپیکر۔ تو اس حوالے سے جناب سپیکر! بجٹ، I turned this budget
deficit اس لحاظ سے اور میری تو یہ توقع تھی کہ چونکہ مظفر سید صاحب کا پہلا بجٹ ہے کہ وہ کم از کم ان
چیزوں کا خیال رکھیں گے اور کوشش یہی ہو گی کہ ایک نئے سوچ کے ساتھ، بڑی ہماری توقعات تھیں ان
سے کہ یہ آئیں گے اور ایک نئے اس کے ساتھ اس بجٹ میں وہ لائیں گے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے
کہ پرانا Trend ہی جاری رکھا ہوا ہے جناب سپیکر۔ پھر جناب سپیکر! ایک ان کی اپنی Statement میں
مجھے تضاد نظر آ رہا ہے اور وہ یہ ہے جناب سپیکر! کہ بجٹ کی تقریر اگر اٹھائیں اور اس میں صفحہ 18 نکالیں بلکہ
صفحہ 17 اگر شروع کریں، یہ Sentence ادھر سے شروع ہوتا ہے، یہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے بارے میں

ان کی Statement ہے کہ "ستم ظریفی یہ ہے کہ واپڈااور وفاقی حکومت 6ارب سالانہ خالص منافع کی رقم بھی طے شدہ شیڈول کے مطابق ادا نہیں کرتے جس کی وجہ سے اس سال جون تک اس مد میں 2ارب 60 کروڑروپے کی رقم واپڈااور وفاقی حکومت کے ذمے واجب الادا ہے "اورا گرہم وائٹ پیپر کو دیکھیں تو ادھر یہ کہتے ہیں کہ جی یہ ہمیں Receive ہو گئے ہیں جناب سپیکر! تو یہ مجھے سمجھ نہیں آرہی ہے کہ منسٹر صاحب خود اپنی تقریر میں کہتے ہیں کہ جی اس میں پورے Receive نہیں ہوئے، ادھر وائٹ پیپر میں کہتے ہیں کہ جی سارے Receive ہو گئے ہیں۔ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ بعض اوقات آپ کو اپنا Claim رکھنے کیلئے دکھانا پڑتا ہے لیکن اس کو آپ علیحدہ کرکے دکھائیں کہ جی یہ ہمارا Claim ہے، آپ اس کو Main اس کا Part نہ بنائیں کیونکہ اس سے آپ کے اپنے فگرز سارے خراب ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! آپ کہیں اس میں، کلیئر کہیں کہ جی یہ ہمارا Claim ہے لیکن اتنا ہمیں ابھی تک Receive ہوا ہے تو اس سے آپ کا کیس بھی مضبوط ہو گا، اس سے تو آپ کا اپنا کیس جو ہے وہ اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ کمزور ہو جاتا ہے۔ جناب سپیکر! اسی طریقے سے اگر آپ دیکھیں تو 84% ہم Depend کرتے ہیں فیڈرل گورنمنٹ کے اوپر اور اگر وائٹ پیپر کے Page one کو آپ دیکھ لیں تو ادھر یہ کہتے ہیں کہ

"Federal resource transfers comprise Shared taxes, Staright : Transfers and Other grants including NHP and arrears which make up a major chunk of receipts of the Province. These transfers constitute 84.4% of the total General Revenue Receipts of the Province"، 84% سے زیادہ کا وہ ہوا تو ایک تو یہاں پر ایک پرابلم یہ ہے کہ مطلب یہ ہے کہ ہم نے اپنا Resource base widen کرنا ہے کیونکہ اگر ہمارا Dependence ادھر رہے گا تو پھر ہمارے بہت سے مسائل جو ہیں، وہ اس کے ساتھ جڑے رہیں گے جناب سپیکر! لیکن دوسری جگہ جناب سپیکر! یہ بھی ایک وہ ہے کہ یہ آگے جاکر پھر خود ہی کہتے ہیں، This is on page 3: "Historically the actual funds transferred to Khyber Pakhtunkhwa each year have been less than the share. The trend over the last ten years is given bellow" اور اس میں پھر بتایا گیا ہے کہ جتنے بتائے گئے ہیں، اس سے کم ہمیں پیسے ملے ہیں تو اس کا یہ مطلب ہے جناب سپیکر! کہ جو 93 (ملین) کا میں نے Deficit دکھایا، شاید اس سے بھی یہ بڑھ جائے اور

چونکہ یہ خود ایڈمٹ کرتے ہیں کہ دس سال سے ہمیں جو انہوں نے Reflect کئے ہیں، اس سے کم ہی پیسے ملے ہیں جناب سپیکر۔ پھر جناب سپیکر! ٹیکسز ہیں اور Own receipts ہیں، اس پر بھی میں سمجھتا ہوں کہ بعض ٹارگٹس جو ہیں، وہ Ambitious رکھے گئے ہیں، جیسے میں آپ کو Tax on Agriculture کا کہوں گا، بالکل Tax on Agriculture ہونا چاہیئے لیکن آپ کے پچھلے سال کا جو ٹارگٹ تھا، وہ 79 ملین اور وہ 79 ملین آپ کا Achieve ہوا، اس سال کا آپ نے ایک بلین رکھ دیا۔ اب جناب سپیکر! مجھے یہ سمجھائیں کہ 79 ملین سے ایک دم ایک بلین پر پہنچنا تو یہ کس طرح ہوگا اور اس کیلئے کیا کرنا پڑے گا جناب سپیکر؟ تو یہ بھی مجھے Ambitious target اس لحاظ سے نظر آرہا ہے جناب سپیکر۔ پھر جناب سپیکر! میں نے پچھلی دفعہ بھی اس طرف وہ کیا تھا، اشارہ کیا تھا اور اس سال بھی وائٹ پیپر میں جو کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ایشو کیا ہے، اس طرف انہوں نے اشارہ بھی کیا ہے، Page 19 پر یہ کہتے ہیں کہ جی
"The operational budget for maintaining the existing service delivery network (like provision for medicines, classroom consumables, repairs, agriculture inputs, utilities etc) is declining in real terms while the salary and pension liabilities are rising at an alarming rate"۔ جناب سپیکر! یہ جملہ جو ہے پچھلے چھ بجٹ سے یہ وائٹ پیپر کا حصہ ہوتا ہے اور جناب سپیکر! ٹھیک ہے ہم نشاندہی تو کر رہے ہیں کہ جی یہ ایک بہت مسئلہ ہے اور ہماری جو سیلریز، بلز اور وہ جو ہیں وہ بڑھ رہے ہیں اور اس طریقے سے ہمارے باقی جو ریسورسز ہیں، وہ اس طریقے سے نہیں بڑھ رہے ہیں لیکن جناب سپیکر! اس کیلئے پھر ہم نے کیا کیا ہے؟ چاہیئے تھا کہ وہ کر لیتے لیکن اس کیلئے کوئی طریقہ نکالنا چاہیئے جناب سپیکر، پچھلے سال بھی میں نے یہ پوائنٹ آوٹ کیا تھا لیکن مجھے اس سال بھی اس میں کوئی فرق نظر نہیں آیا جناب سپیکر۔ ساتھ ہی ساتھ جناب سپیکر! ایک اور جو مجھے تھوڑا وہ لگا ہے، وہ یہ ہے جناب سپیکر! کہ اگر ہم فنانس منسٹر صاحب کی تقریر کو دیکھیں تو وہ کہتے ہیں کہ جی ہم نے تنخواہیں دس پرسنٹ بڑھائی ہیں جبکہ فیڈرل بجٹ میں اس سے کم بڑھی ہیں، ادھر زیادہ بڑھی ہیں، بڑی اچھی بات ہے دس پرسنٹ، میرا تو اپنا وہ یہ ہے کہ اس سے بھی زیادہ ہونا چاہیئے تھیں لیکن ٹھیک ہے دس پرسنٹ پہ بھی ہم خوش ہیں کہ چلیں کچھ نہ کچھ تو سرکاری ملازمین کا ہوا لیکن جناب سپیکر! جب وائٹ پیپر میں جو Reflect کئے گئے ہیں تو ادھر یہ پھر بیس پرسنٹ دکھاتے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ Page 19 پہ سیلریز کا یہ دکھاتے ہیں کہ

جی اس دفعہ تقریباً جو ٹوٹل سیلری پراونشل اور ڈسٹرکٹ کو اگر آپ ملالیں تو 175 ارب روپے بنیں گے، Announcement ! اور جناب سپیکر Janab Speaker! It is very major jump 10% increase کا ہے لیکن اگر آپ ادھر دیکھیں، ان کے وائٹ پیپر میں یہ خود کہتے ہیں کہ جی It will be 20.1% increase، تو جناب سپیکر! یہ بھی اگر یہ Explain کریں کہ بجٹ تقریر میں تو انہوں نے 10% کا وہ کیا ہے، اگر انہوں نے 20% کر دی ہے سرکاری ملازمین کی تنخواہ، بالکل ہم Appreciate کریں گے لیکن یہ یہ بتادیں کہ کیوں اتنا فرق آیا ہے جناب سپیکر؟ ساتھ ہی جناب سپیکر! ہمارے کچھ چیلنجز بھی ہیں، جناب سپیکر! اور اگر ہم نے اپنی اکانومی ٹھیک کرنی ہے تو ان چیلنجز کو ایڈریس کرنا پڑے گا۔ ایک تو اگر ہم دیکھیں جناب سپیکر! ٹیررازم، لاء اینڈ آرڈر، Natural calamities پچھلے کئی سالوں سے ہمارے صوبے کو بالکل اس نے جکڑا ہوا ہے اور اس کی وجہ سے ہماری معیشت، ہمارا انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا ہے جناب سپیکر! لیکن ساتھ ہی ساتھ اگر ہم دیکھیں تو ہم ایک اور Vicious circle میں، جس میں ہماری Per capita income growth جو ہے، وہ پورے ملک سے کم ہے، پاپولیشن گروتھ ریٹ سب سے زیادہ ہے، Poverty rate 39% سارے ملک سے زیادہ ہے، Unemployment rate سب سے زیادہ ہے، تو جناب سپیکر! ہم دونوں اطراف سے ایک مشکل اس میں پڑے ہوئے ہیں اور یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے جس سے جب تک ہم نکلیں گے نہیں تو ہماری جو Investment climate ہے، وہ ادھر بہتر نہیں ہو گی اور جب Investment climate آپ کی بہتر نہیں ہو گی تو آپ کی اکانومی اس لحاظ سے بہتر نہیں ہو گی، آپ کی جو Per capita income ہے، وہ اس لحاظ سے Increase نہیں ہو گی۔ یہاں پہ تھوڑا فیڈرل کے بارے میں بھی یہ کہہ دوں کہ عجیب بات ہے کہ ہم جب اکنامک سروے آف پاکستان اٹھاتے ہیں جناب سپیکر! تو اس میں ڈار صاحب بڑے فخریہ اعلان کرتے ہیں کہ جی "Per Capita Income in dollar terms registered has significant growth of 9.25 percent in 2014-15, as compared to 3.83 percent last year .The per capita income in dollar terms has reached to 1512 dollars in 2014-15"، جناب سپیکر! ٹھیک ہے یہ سارے ملک کا Average ہو گا لیکن میں آپ کی وساطت سے فیڈرل گورنمنٹ سے بھی پوچھنا چاہتا ہوں، فنانس ڈویژن سے بھی یہ پوچھنا

چاہتا ہوں کہ وہ اس کا Break up یہ دے دیں کہ جی Province wise break up دے دیں کہ کونسے پراونس میں Per capita income زیادہ ہوئی ہے اور کونسے پراونس میں کتنی کتنی ہوئی ہے؟ مجھے یہ یقین ہے کہ ہماری اور بلوچستان کی سب سے کم ہو گی۔ جناب سپیکر! صرف اس فگر کے دینے سے کہ جی بارہ پندرہ ڈالر پہ ہماری Per capita income پہنچ گئی ہے، اس سے ترقی کا اندازہ نہیں ہو سکتا بلکہ میں کہتا ہوں کہ Disparity، آپ اگر دیکھیں تو Disparity اس سے بڑھی ہے اور خصوصاً چھوٹے صوبے اور خصوصاً ہمارا صوبہ، فاٹا اور بلوچستان جو ہے، وہ اس سے زیادہ Suffer کر رہے ہیں، ان کو چاہیئے کہ ادھر زیادہ توجہ دیں کیونکہ یہاں پہ ہم نے بہت Suffer کیا ہے اور ہماری یہاں پہ معیشت دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے، ہمیں نظر نہیں آ رہا کہ Per capita income میں کیا فرق اس لحاظ سے آیا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ایک جو Terrorism Endowment Fund کا اعلان کیا گیا ہے، اس کو ہم ویلکم کرتے ہیں، جناب سپیکر! اس کیلئے 200 ملین میرے خیال میں پہلے اس میں رکھے گئے ہیں، ایک تو ہماری یہ درخواست ہو گی کہ اس کو جتنا جلدی فنکشنل بنا سکیں، اس کو بنائیں کیونکہ یہ اس صوبے کی ایک ضرورت ہے، اس میں وہ خاندان، وہ لوگ جو کہ دہشتگردی کا شکار رہے ہیں، ان کو ایک Permanent مدد ملے گی اور اس حوالے سے اس چیز کو Appreciate کرتے ہیں اور یہ کئی سالوں سے ہماری یہ ڈیمانڈ رہی تھی اور اس حوالے سے ہم اس کو Appreciate کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے بار بار مختلف فورمز پہ اس بات کیلئے بات اٹھائی تھی لیکن یہ کہ اس کو اب آپریشنل بھی کرنا چاہیئے جناب سپیکر! اب اس میں نہیں پڑنا چاہیئے کہ اس کے رولز جو ہیں، وہ چھ مہینے بعد یا سال بعد بنیں گے، اس کو جتنا جلدی ہو سکے And this will be an achievement جس سے ایک اچھا میسج جائے گا لوگوں کے پاس جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ساتھ ہی ساتھ ایجوکیشن اور ہیلتھ کے سیکٹرز میں بھی وہ کوئی بہت بڑی تبدیلی ہمیں نظر نہیں آئی، بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ چند ایک بعض جگہوں میں خرابیاں زیادہ ہوئی ہیں بہتر ہونے کی بجائے اور دن بدن اس سے ہم Suffer کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! اب تک جو نتائج سامنے آنے چاہئے تھے، وہ نتائج اس کے ہاتھ سے جس کو بندہ Tangible نتائج کہہ سکے، جس کو بندہ Tangible achievements کہہ سکے، وہ سامنے نہیں آئے ہیں اور اس وجہ سے لوگوں میں دن بدن مایوسی بڑھ رہی ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! تھوڑا

بہت فیڈرل بجٹ پہ بھی، ایک تو جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے صوبے کے ساتھ اور خصوصاً سارے چھوٹے صوبوں کے ساتھ یہ ایک زیادتی ہوئی ہے کہ جی این ایف سی کا ایوارڈ ٹائم پہ نہیں ہوا، یہ چاہیئے تھا کہ یہ اس بجٹ سے پہلے ہو جاتا تو اس سے چھوٹے صوبوں کو فائدہ پہنچنا تھا اور جتنا یہ Delay ہو گا، اس سے ایک صوبے کو فائدہ پہنچتا رہے گا اور چھوٹے صوبوں کو نقصان اس سے ملتا رہے گا، ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی سمجھتا ہوں جناب سپیکر! کہ اب ہمیں، کیونکہ یہ ایک وہ تھا جی کہ پہلے Population sole criterion ہوا کرتی تھی، اب اس میں چونکہ اور Criteria آ گئے ہیں تو اب ہمیں Raised criteria کو اور بڑھانے کیلئے کوشش کرنی چاہیئے اور اس میں خصوصاً میں اپنے صوبے کے حوالے سے کہوں گا کہ اگر ہم انرجی ریسورس پروڈکشن کو بھی اس میں شامل کر لیں کیونکہ اگر آپ ساری دنیا میں دیکھیں جن کے پاس انرجی ہے، انرجی ریسورسز ہیں، وہاں پہ ترقی ہوتی ہے، وہاں پہ انڈسٹری لگتی ہے، وہاں پہ روزگار لوگوں کو ملتا ہے، وہاں پہ ان کا انفراسٹرکچر ڈیویلپ ہوتا ہے اور وہ ملک ترقی کرتا ہے، جو ممالک Energy deficient ہوتے ہیں، وہاں پہ اس لحاظ سے گروتھ 'شو' ہوتی ہے، وہاں پہ ترقی کم ہوتی ہے۔ ہمارا صوبہ بدقسمتی سے انرجی میں خود کفیل ہے، بلکہ اپنی ضرورت سے زیادہ انرجی پیدا کرتا ہے لیکن اگر ہم دیکھیں کہ اس کا جو Benefit ہمیں ملنا چاہیئے، وہ باقی صوبے اٹھا رہے ہیں، بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ ایک بڑا صوبہ جو ہے وہ اٹھا رہا ہے اور جو اس کے اثرات ہمیں ملنے چاہئے تھے، وہ ہمیں نہیں مل رہیں تو اس حوالے سے ہمیں یہ Stress کرنا چاہیئے کہ Energy resource production should be a part of the NFC جس سے ہمارے صوبے کو فائدہ پہنچے گا، بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس سے باقی چھوٹے صوبوں کو بھی اس سے فائدہ پہنچے گا اور اس سے ترقی کے مواقع پیدا ہوں گے جناب سپیکر۔ ساتھ ہی ساتھ جناب سپیکر! فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے جو پی ایس ڈی پی میں انہوں نے ہائیڈل سیکٹر کیلئے پیسے رکھے بھی ہیں تو اگر ہم دیکھیں تو اس میں زیادہ پیسے جو ہیں وہ اور جگہوں کیلئے، ہمارے صوبے کیلئے اس لحاظ سے کم شیئر رکھا گیا ہے، بلکہ اس طرف توجہ ہی نہیں دی گئی۔ میں تو بعض اوقات یہ سمجھتا ہوں کہ چونکہ ہائیڈل اور پھر خاصکر ہائیڈل میں ہمارے پاس ریسورسز ہیں تو اس کو قصداً عمداً Ignore کیا جاتا ہے کیونکہ اس سے ہمارے صوبے کی اور فاٹا کی ترقی ہو گی، زیادہ توجہ یا Coal based یا Thermal based power projects پر دی

جاتی ہے اور جو ارزاں اور سستی بجلی اور اچھی بجلی اور جس کو آپ Environment friendly بجلی کہہ سکتے ہیں، اس کے اوپر اس لحاظ سے توجہ نہیں دی جاتی اور یہ ہمارے ساتھ کئی سالوں سے فیڈرل گورنمنٹ کی ایک میں کہوں گا کہ زیادتی جو ہے، وہ ہمارے ساتھ کی جا رہی ہے اور اس حوالے سے چاہیئے تو یہ تھا کہ اس میں ہمارے صوبے کیلئے زیادہ یہ ریسورس رکھتے۔ پھر جناب سپیکر! میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ چونکہ ٹیررازم کی وجہ سے جو ہمارے صوبے کے حالات ہیں، اس میں فاٹا نے بھی بہت زیادہ Suffer کیا ہے اور ایک حوالے سے میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ فاٹا کا جو مستقبل ہے، وہ ایک ٹیسٹ کیس ہے کہ ہم کہہ سکیں گے کہ واقعی ایک پالیسی یا Paradigm shift جس کو کہا جا رہا تھا کہ آ گئی ہے، Paradigm shift تبھی ہو گی جب فاٹا کے بارے میں ایک واضح پالیسی اختیار کی جائے گی، میں سمجھتا ہوں کہ As a first step ہمیں بھی یہ بات اٹھانی چاہیئے کیونکہ اس کے اثرات ہمارے اوپر بھی ہوتے ہیں کہ بھئی آپ این ایف سی میں بھی فاٹا کو Include کریں And make it a part of the NFC award تو اس سے وہاں کی ایک تو Resource space بھی زیادہ ہو گی اور وہاں پہ لوگوں کی ایک Say اس میں پیدا ہو گی تو یہ ایک ہمیں بھی ڈیمانڈ کرنی چاہیئے۔ جناب سپیکر! پھر ساتھ میں میں چائنا پاکستان اکنامک کاریڈور کے بارے میں بھی یہ کہوں گا کہ جناب سپیکر! اس میں بھی اس لحاظ سے جو ہمیں Assurances دی گئی تھیں، جس طریقے سے بات کی گئی تھی، وہ In money terms, in allocation terms وہ چیز نظر نہیں آ رہی جناب سپیکر اور یہ جناب سپیکر! میں کہوں گا کہ ایک بد قسمتی اس حوالے سے ہے کہ یہ اگر کامیاب ہو سکتا ہے، یہ کاریڈور تو پختونوں کے جوڑنے سے، ان کو آپس میں ملانے سے اور ان کے علاوہ کامیاب نہیں ہو سکتا، یہ پختونوں کو جوڑنے کا منصوبہ ہوتا، فاٹا، کے پی کے اور دیگر پختونوں کو اس کے ذریعے جوڑا جاتا، یہ Trade hub تب بنتا تھا لیکن اگر آپ اس کو توجہ نہیں دیں گے اور اس کے علاوہ باقی روٹس کو توجہ دیں گے تو وہ Trade hub جس کا بعض لوگوں کا اسلام آباد میں خیال ہے، وہ بن جائے گا پنجاب، وہ اس لحاظ سے نہیں ہو سکے گا، یہ Trade hub تب ہی بنے گا جب آپ ہمارے صوبے کو، فاٹا کو اور بلوچستان کے پختون علاقوں کو اس میں Include کریں گے اور ان کو پورا شیئر دیں گے تب ہی یہ Trade hub بنے گا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہی وجہ ہے کہ چھوٹے صوبے اور خصوصاً پختونوں میں دن بدن Deprivation بڑھ رہی

ہے اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک خطرناک Trend ہے، اس کی طرف ان کو توجہ دینی چاہیئے۔ آئین جب اٹھاتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک وفاق ہے، پہلی شق آئین کی یہ ہے لیکن جناب سپیکر! عملاً جب دیکھیں تو بطور وفاق اس کو نہیں چلایا جا رہا بلکہ ایک صوبے کی بالادستی ہے اور باقی تین صوبوں کو اس کا Subservient سمجھا جاتا ہے۔ جناب سپیکر! اس حوالے سے ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ یہ اس طریقے سے یہ کام چلے گا نہیں، جناب سپیکر! آپ نے اگر اس ملک کو چلانا ہے، آپ نے اگر اس ملک میں ترقی کرنی ہے، آپ نے اس ملک کی پسماندگی دور کرنی ہے تو پھر اس کو بطور وفاق چلانا ہوگا ورنہ جناب سپیکر! پھر ہم بھی اس کو تیار نہیں ہیں کہ ہم اسی طرح Subservient کسی اور کے نیچے چلتے رہیں جناب سپیکر! یہ نہ صرف ہمارے ساتھ زیادتی ہے بلکہ یہ انتہائی ظلم ہے اور جناب سپیکر! میں اس میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ تھوڑی صوبائی حکومت سے بھی اس میں کوتاہی ہوئی ہے، انہوں نے بھی اس طریقے سے جس طریقے سے اس بات کو اٹھانا چاہیئے تھا، جس طریقے سے اس کیس کو Plead کرنا چاہیئے تھا، جس طریقے سے Vigorously اس کیلئے آواز اٹھانا چاہیئے تھی، وہ چیز انہوں نے نہیں کی۔ چونکہ یہ مسئلہ ہم سب کا مشترکہ مسئلہ ہے، یہ اس صوبے کا مسئلہ ہے، اس صوبے کے ہر ایک بندے کا مسئلہ ہے یہ، اس حوالے سے چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ سب کو اکٹھا لے کر اس میں ایک فعال کردار ادا کرتے لیکن وہ فعال کردار ہمیں اس لحاظ سے نظر نہیں آیا، تو جناب سپیکر! میں اپنی باتیں اس پہ ختم کرتا ہوں کہ وفاق سے بھی ہمارا گلہ ہے، صوبے سے بھی اس لحاظ سے کہ وہ جس طریقے سے دیکھ رہے ہیں کہ یہ چیزیں چل رہی ہیں، وہ ہمیں صحیح نظر نہیں آ رہیں جناب سپیکر! اور اس کی وجہ سے مایوسی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے جناب سپیکر۔ بہت مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ آپ اس پہ بات کریں گے، شاہ فرمان!

<u>جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی):</u> جی سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی شاہ فرمان صاحب! ویسے آپ کی تو تیاری ٹھیک ہے نا؟

<u>وزیر آبنوشی:</u> جی ہاں۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو سکندر شیر پاؤ صاحب نے جو تقریر کی ہے، بڑے اچھے پوائنٹس اٹھائے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس کے اندر تجربہ کار لوگوں کا یہی فائدہ ہوتا ہے کہ وہ چیزوں کی نشاندہی کرتے ہیں اور گورنمنٹ کو اس کے اوپر عمل کرنا چاہیئے۔ ہم شکر گزار ہیں سکندر شیر پاؤ

صاحب کے کہ انہوں نے اس کے مطابق جو پوائنٹس اٹھائے ہیں۔ سب سے پہلے جو میں Respond کروں گا کہ ایک ٹیکنکل کوئسچن انہوں نے پوچھا ہے، وہ کس طرح؟ salary increase 20% ہو گئی جبکہ 10% ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جواب گریڈیشن ہے، One step upgradation and two step upgradation، اگر اس کو بھی ساتھ شامل کریں، 25% میڈیکل الاؤنس کو بھی اگر آپ Increase میں شامل کرلیں اور اگر آپ جو ایڈہاک ریلیف ہے جو کہ سیلری کا حصہ بنایا گیا ہے، اس کو بھی شامل کرلیں تو یہ تقریباً 20% بنتا ہے، تھوڑا بہت آگے پیچھے ہو لیکن اتنا Vague and fake calculation نہیں ہے۔ جناب سپیکر! جو Deficit budget کا کہا گیا ہے، اس کے اوپر جو فگرز دکھائے گئے ہیں، ان فگرز کے اندر کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے کہ جو ہمارا حق نہیں ہے یا ہم نے کوئی چیز Extra مانگی ہے لیکن سکندر خان صاحب نے خود ہی اپنی تقریر میں اس کا جواب دیا اور جواب یہ دیا کہ ہمیں فیڈرل گورنمنٹ سے وہ چیزیں ملتی نہیں ہیں، تو جناب سپیکر! اس ڈیٹیل میں جانے سے پہلے میں یہ ضرور کہوں گا کہ اگر میرا حق بنتا ہے ایک ہزار روپے اور میں یہی سوچ کے یہ کہوں کہ جی ایک ہزار تو اس نے نہیں دینے تو میں کہوں کہ میرا حق ہے سو روپے، تو یہ تو نہیں ہو سکتا۔ اگر ہم نے کوئی Extra مانگے ہیں، اگر ہم نے کوئی زیادہ مانگے ہیں تو اس حساب سے تو یہ Deficit budget ہو سکتا ہے اور اگر سکندر خان کا یہ خیال ہے کہ یہ چونکہ فیڈرل گورنمنٹ نے نہیں دینے، لہذا ہم نے Show نہیں کرنے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی ہے اور وہ Agree کرتے ہیں اس بات کے اوپر کہ ہمیشہ جو فیڈرل گورنمنٹ ہے، وہ خاصکر اس صوبے کے ساتھ زیادتی کر رہی ہے تو اس دفعہ میں امید کرتا ہوں، پچھلی گورنمنٹ کے اندر جناب سپیکر! بہت ساری APCs کے اندر ہم حکومت کے ساتھ بیٹھ گئے اور ہم نے ان کا ساتھ دیا کہ وہ فیڈرل گورنمنٹ سے اس صوبے کے حقوق لے لیں تو اس لحاظ سے تو Deficit budget نہیں ہے لیکن اگر فیڈرل گورنمنٹ کی نیت ٹھیک نہیں ہے تو اس نیت کی بنیاد پر ہم اپنے بجٹ کو Deficit budget نہیں کہہ سکتے، میں اس کے ساتھ متفق نہیں ہوں جناب سپیکر۔ ایک اہم مسئلہ ایجوکیشن کا، جناب سپیکر! تقریباً 98 بلین کا ہے اور 21% بجٹ رکھا گیا ہے پچھلے سال سے، بد قسمتی سے جو سوال اٹھایا گیا کہ جی وہ سلیبس ایک کیوں نہیں ہے؟ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر گھوسٹ سکولز نہ بنتے، اگر سیاسی بنیادوں کے اوپر سکولز تقسیم

نہ ہوتے اور اگر سفارش کے اوپر اساتذہ بھرتی نہ ہو چکے ہوتے تو میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت کیلئے یہ مسئلہ اتنا گھمبیر نہ ہوتا، حکومت کی نیت بالکل کلیئر ہے، جناب سپیکر! بجٹ ان کیلئے زیادہ رکھا گیا ہے، سسٹم کے اندر جناب سپیکر! ٹرانسپرنسی آپ کے سامنے ہے لیکن جو مسئلہ ہے، وہ اتنا گھمبیر ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ ان ٹیچرز کو جن کو میں سمجھتا ہوں کہ سفارش یا کسی اور وجہ سے، میرٹ کے اوپر وہ بھرتی نہیں ہوئے، ان کو اس سٹیج پہ لانا کہ وہ اس سلیبس کو پڑھا سکیں، یہ بھی ایک Hurdle ہے۔ ان کو ٹریننگ دی جارہی ہے اور یہ بالکل صحیح ہے کہ گورنمنٹ کے جو مسائل ہیں، وہ Improvement کی طرف جناب سپیکر! ہم جارہے ہیں لیکن دو مسائل، ایک سیاسی بنیادوں کے اوپر تقسیم شدہ سکولز اور بغیر میرٹ کے بھرتی ہونے والے ٹیچرز دو بڑے مسائل ہیں جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ریکوری جو ہے اتنی Fast نہیں ہو سکتی، یہ Slow ہو گی لیکن Government is committed۔ اسی طرح جناب سپیکر! ہیلتھ میں 19% Increase ہے، لہذا ہیلتھ اور ایجوکیشن کو جو ہماری Priority ہے، اس کے اوپر کلیئر ہے حکومت کی نیت، اگر کہیں کوئی مسئلہ ہے، کہیں ٹرانسپرنسی نہیں ہے، کہیں Favoritism ہے، کہیں میرٹ نہیں ہے تو وہ پوائنٹ آؤٹ کیا جا سکتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت نے بہت حد تک ان مسائل کے اوپر قابو پا لیا ہے، کم از کم ڈائریکشن اس حکومت نے وہ دی ہے کہ بہت جلد ہیلتھ کیئر کے حوالے سے جو مسائل ہیں، وہ حل ہو جائیں گے۔ جناب سپیکر! بڑی خوشی ہوئی، ایگریکلچر ٹیکس کے بارے میں پوچھا گیا، 79 (ملین) سے ایک بلین تک، تو اگر ٹارگٹ پورا ہو گیا تھا پچھلے سال 79 (ملین) کا تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک اندازہ ہوتا ہے حکومت کو کہ وہ ٹارگٹ کتنی آسانی سے پورا ہو گیا اور اگلا ٹارگٹ کتنا آسان ہے لیکن اس کے ساتھ میں یہ ضرور کہوں گا کہ خاصکر یہ جو سولر سسٹم کی وجہ سے اور بہت سارے ایسے Steps ہیں کہ جو ایگریکلچر کے اندر جناب سپیکر! لیے جارہے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ ایگریکلچر پروڈکشن بہت زیادہ ہو جائے گی اور چونکہ ہم ایگریکلچر کو سیریس لے رہے ہیں، بنیادی چیز ہے، تو یہ بھی پورا ہو جائے گا ان شاءاللہ، کوئی مسئلہ نہیں آنا چاہیئے اور اگر سکندر خان صاحب Worried ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ مفت میں نہیں ایگریکلچر پروڈکشن کی زیادتی کی وجہ سے زمینداروں کو بھی کوئی ایشو اس کے اندر نہیں ہو گا۔ جو Important بات کی ہے سکندر خان صاحب نے، وہ فیڈرل گورنمنٹ کے حوالے سے ہے، جناب سپیکر! میں پھر سے کہتا ہوں کہ ہم اگر

Depend کرتے ہیں یا ان محاصل کی بنیاد پر ہم اپنا بجٹ بناتے ہیں اور ان کی Approach اس طرف دیکھتے ہیں، ایک بڑا Diligent معاملہ ہے، جناب سپیکر! بڑا سیریس معاملہ بھی ہے، جو پاکستان کے حالات ہیں، جو اس فیڈریشن کے حالات ہیں، اس کے اندر جن کے پاس اختیار ہے، جن کے پاس حکومت ہے مرکز میں، ان کو اس کا احساس ہونا چاہیئے۔ اگر صوبے کے حق کی بات کرتے ہیں تو ساتھ ساتھ یہ بھی سوچتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ فیڈریشن کو نقصان ہو، کہیں ایسا نہ ہو لیکن جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اپنے Right کی بات کریں گے، Identify کریں گے تو اس سے فیڈریشن مضبوط ہو گی، وہ جو کہتے ہیں کہ "Unity through diversity is powerful than unity through infirmity"، اگر فیڈریشن ہے تو ہر یونٹ کا اپنا حصہ ہے، اپنا شیئر ہے۔ جناب سپیکر! میں اس ایشو کے اوپر اسلئے بہت زیادہ Touchy ہوں کہ صوبائی حقوق اور پاکستان، مجھے پاکستان عزیز ہے، مجھے فیڈریشن عزیز ہے لیکن اس کی وجہ سے میں اپنے صوبے کے حقوق کیلئے خاموش بھی نہیں رہ سکتا، امریکہ کے اندر Civil war ہوئی ٹیکس کے اوپر، وہ بھی ایک مسئلہ تھا اور لنکن نے کہا کہ "House divided against itself can not stand"، وہ بھی صحیح ہے، ہم درمیان میں پھنسے ہوئے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہماری وجہ سے اس صوبے کی وجہ سے جیسے سکندر خان صاحب نے کہا انرجی ہم پاکستان کیلئے سب سے زیادہ Produce کر رہے ہیں، Clean and Green Power پاکستان کیلئے Produce کر رہے ہیں، 17 ایسے منرلز جو کہ Raw materials ہیں اور ایک نیچرل انڈسٹریل زون ہے جناب سپیکر! کہ جدھر جدھر کرومائٹ ہے، گرینائٹ ہے، ماربل ہے، سرپنٹین ہے، زنک ہے، لیڈ ہے، انٹیمنی ہے، فاسفیٹ ہے، وہاں پر ہائیڈل، نیچرل ہائیڈل پاور سائٹس موجود ہیں، اللہ نے ایک نیچرل انڈسٹریل زون دیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ یہ صوبہ نہیں، یہ پورا پاکستان اس سے فائدہ اٹھائے لیکن یہ ذمہ داری جناب سپیکر! مرکزی حکومت کی ہے، ہم دو تین روپے Per unit، ارتھ ڈے کے اوپر جناب سپیکر! کہا گیا، انوائرنمنٹل ڈے کے اوپر کہا گیا کہ 2060 تک وہ سارے پراجیکٹس جو Coal کے اوپر چلتے ہیں، ان کو بند کیا جائے، اسلئے کہ ماحول کو اتنا بڑا نقصان پہنچ رہا ہے، جناب سپیکر! اگر اٹھارہ، انیس روپے Per unit پاور جنریشن کی بات ہو رہی ہے اور وہ بھی ماحول کو بھی Pollute کیا جا رہا ہے تو خیبر پختونخوا کے اندر اگر دو تین روپے Per unit یا چار روپے

کلین اینڈ گرین پاور Available ہے، اس کے اندر انویسٹمنٹ کوئی نہیں ہے؟ بڑے اچھے Per unit Analysis کئے ہیں سکندر خان صاحب نے فیڈرل گورنمنٹ بجٹ کے اور یہ ان کے اوپر ہے کہ وہ اس صوبے کے لوگوں کیلئے تو درکنار اس پورے پاکستان کیلئے اس صوبے سے کتنا فائدہ اٹھا سکتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ پاکستان ہے اور یہ فیڈریشن ہے، یہاں پر جو Potential ہے، اگر اس کو نظر انداز کیا گیا تو یہ خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی نہیں ہے، یہ پورے پاکستان کے ساتھ زیادتی ہے کہ آپ اس Potential سے پورے پاکستان کو محروم کر رہے ہو۔ جناب سپیکر! ہم نے اس بجٹ کے اندر، میں اس بات پہ ختم کرنا چاہتا ہوں کہ جیسے سکندر خان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا کہ یہ سارے جو فگرز ہیں، وہ Realistic نہیں ہیں، Realistic تب نہ ہوتے اگر ہمارا حق نہ ہوتا، ہمارا حق ہے اور ہمیں کوئی نہیں دے رہا، اس کی بنیاد پر Deficit نہیں ہے، ہیلتھ اور ایجوکیشن کے اندر ہماری Priority جناب سپیکر! سامنے ہے اور بڑا اچھا نکتہ بھی اٹھایا ہے سکندر خان صاحب نے کہ اگر فیڈرل گورنمنٹ Consider کرے، ہمیں اپنے Rights دیں اور اس صوبے سے پورے پاکستان کیلئے فائدہ اٹھائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب کے حق میں ہے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے تو میں آپ کی وساطت سے اور میڈیا کی وساطت سے۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: سپیکر صاحب! پکار وہ چې دلته د فنانس ډیپارټمنټ نه څوک نا ست وے۔

جناب سپیکر: بالکل نا ست دے ، ایډیشنل سیکرټری فنانس۔ جی جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں آپ کی وساطت سے اور میڈیا کی وساطت سے اپوزیشن کے دوستوں سے اپیل کروں گا کہ وہ ہاؤس کے اندر آجائیں اور جس طرح سکندر خان نے کہا کہ بجٹ فنانشل ایئر کا اور پارلیمنٹ کے کاموں میں سب سے اہم کام ہوتا ہے اور صوبے کے اندر جو ریونیوز ہوتے ہیں، جو آمدن ہوتی ہے اور اس کا جو Expenditure ہوتا ہے، اس کا میزانیہ پیش کیا جاتا ہے، اسلئے اگر اس قسم کے Important

events میں وہ Absent ہوں گے تو وہ اپنے حلقے کے لوگوں کے ساتھ اور اس صوبے کے ساتھ کوئی بھلائی نہیں کریں گے اور ان کے Input سے صوبہ جو ہے اور صوبے کے لوگ محروم ہو جائیں گے، اس بجٹ سے جو ہے وہ محروم رہے گا، اسلئے ہم ان سے اپیل کرتے ہیں آپ کے تھرو کہ وہ اس ایوان کے اندر آ جائیں اور یہاں ہمارے ایوان کے اندر بجٹ کے اوپر جو ڈیبیٹ ہوتی ہے، اس کو Meaningful بنائیں، اس کو Productive بنائیں، اس میں اپنا Input دیں اور اپنا احتجاج ایوان کے اندر کریں، پارلیمنٹری طریقے سے کریں۔ میرے خیال میں پہلی مرتبہ ہے کہ اپوزیشن اس قسم کے اہم Event سے بائیکاٹ کر رہی ہے And they should think over it کہ وہ اپنے لوگوں کے ساتھ، جن لوگوں نے ان کو منتخب کیا ہے اور اس صوبے کے ساتھ کوئی اچھائی اور بھلائی نہیں کر رہے ہیں۔ میں، Sikandar Khan is not around، وہ نکل گئے ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ میں ہمیشہ ان کو سنتا ہوں، وہ بڑی تیاری کے ساتھ آتے ہیں اور وہ بجٹ کے اوپر بڑی Informed ڈسکشن کرتے ہیں، وہ بجٹ کے کاغذات کو پڑھ کے، ڈاکیومنٹس کو پڑھ کر آتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ ان کو ہم Appreciate کرنا چاہیں گے اور اس قسم کے، اسمبلی کے اندر، ہاؤس کے اندر ایسے لوگ ہمارے لئے Assets ہیں (تالیاں) کہ جو حکومت کو نشاندہی کرتے ہیں۔ شاہ فرمان صاحب نے بھی کچھ نکات اٹھائے تھے، اس حوالے سے Respond کیا ہے لیکن انہوں نے Without، بڑے فگرز بتادیئے ہیں کہ جس کی وجہ سے یہ بجٹ جو ہے خسارے کا بجٹ بن رہا ہے۔ انہوں نے نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے جو بقایاجات ہیں، اس کا ذکر کیا ہے اور جو نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہمیں اس وقت مل رہا ہے چھ بلین، اس کے Capping کے بعد، Uncapping کے بعد جو 17 بلین ہمیں ملیں گے، اس کا ذکر کیا ہے، تو میں تھوڑا اس کی مزید وضاحت چاہوں گا تاکہ گیلریز کے اندر بیٹھے ہوئے لوگوں اور ایوان کے اندر بیٹھے ہوئے لوگوں کو یہ اندازہ ہو کہ ہم نے صرف خیالی بنیاد پہ، یہ جو ریونیو ہے، وہ شامل نہیں کیا ہے۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ہم سے پہلے مئی 2013 کے اندر January or March, around January or March فیڈرل فنانس منسٹری نے ان کے اسپیشل سیکرٹری کی قیادت میں ایک ٹیکنیکل کمیٹی بنائی تھی، جو ہمارے بقایاجات تھے، جو ہمارے Claims تھے، اس کے اوپر ایک ٹیکنیکل کمیٹی بنائی تھی اور یہ اس ٹیکنیکل کمیٹی کی Recommendations ہیں، اس کی Findings ہیں اور اس

یہ پھر واپڈا کے منسٹر کے ساتھ میٹنگ ہوئی ہے، پھر جو ہم نے جوائنٹ احتجاج کیا تھا اسلام آباد کے اندر، اس جوائنٹ احتجاج کے بعد صوبائی وزراء، صوبائی پارلیمانی لیڈرز اور وفاقی وزراء پر مشتمل ایک دو گروپس بنے تھے اور ان کے مختلف سیشنز چلے تھے، فائنل سیشن جو ہے وہ چیف منسٹر ہاؤس میں ہوا تھا جس میں خواجہ آصف صاحب اور عابد شیر علی صاحب اور جو پیٹرولیم کے منسٹر ہیں، انہوں نے شرکت کی تھی اور فنانس کے اسپیشل سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹری نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی نمائندگی کی تھی اور اس میں ہمارے صوبے کے جو ایشوز ہیں مرکز کے ساتھ، اس پہ بڑی Detailed item wise discussion ہوئی تھی اور یہ آئٹم جب آیا تو یہ بات بالکل وہ مان رہے ہیں کہ یہ پیسے آپ کے ہیں اور آپ کو ملیں گے اور یہ Uncapping بھی انہوں نے مان لئے، یہ جو Uncapping ہیں، یہ بھی انہوں نے مان لئے ہیں۔ اب مسئلہ صرف یہ رہ گیا ہے کہ اس مجلس کے اندر ان کا خیال تھا کہ اگر ہم آپ کو یہ پیسے دیں گے تو Constitutionally اس کے اوپر ایک وہ آئے گا کہ اس کو اب سی سی آئی سے Approve کرنا ہے اور اس کو سی سی آئی کے اجلاس میں Council of Common Interest کے اجلاس میں رکھیں گے اور اس سے Approval، وہ بھی ایک Formality ہو گی، اس کی Approval کے بعد یہ پیسے آپ کو ملیں گے۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ہمارا جو Claim ہے It is much higher، وہ 51 بلین اور 17 بلین نہیں ہے، ہمارا Claim تو بہت زیادہ ہے لیکن یہ وہ فگرز ہم Reflect کر رہے ہیں کہ جو فگرز ہمیں ملنے ہیں، جو فیڈرل گورنمنٹ نے مانے ہیں، ان کی اپنی ٹیکنکل کمیٹی نے Recommend کئے ہیں، ان کے اپنے منسٹرز کی کمیٹی نے ہمارے ساتھ مانے ہیں، تو یہ وہ فگرز ہیں۔ اسلئے ہمارے بجٹ کا جو سکندر خان نے بڑا حصہ 94 billion deficit کا انہوں نے نکالا ہے تو اس میں یہ 51plus17، باقی سچی بات یہ ہے سپیکر صاحب! کہ یہ جو بجٹ ہوتا ہے، میں نے ابتداء میں، مطلب ہے اس کی Definition بھی یہی ہے، یہ آپ کے جو ریونیوز ہیں، آپ کے جو Potential revenues ہوتے ہیں، ان کا اور پھر آپ کے جو Proposed expenditures ہوتے ہیں، یہ اس کی Projection ہوتی ہے اور یہ بات درست ہے کہ Projection جو ہے وہ Realistically رکھنی چاہئے اور بعض اوقات آپ اپنے ٹارگٹس کو Meet کرتے ہیں، مثلاً پچھلے سال جو ہمارا Own source revenue ہے، ہمارا Claim ہے کہ یہ 15 بلین

سے بڑھ کر 30 بلین تک پہنچ گیا ہے اور اس میں اس سال ہم نے 50 billion plus رکھے ہیں Our own source revenue میں، تو یہ Projection ہوتی ہے اور ان Projections کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ اپنے اہداف مقرر کرتے ہیں اور آپ جو ہدف مقرر کرتے ہیں تو پھر اس کا Follow up کرتے ہیں To chase that target during financial year۔ آپ میٹنگز کرتے ہیں، Review meetings کرتے ہیں، سیکرٹریز کرتے ہیں، منسٹرز کرتے ہیں، چیف منسٹر کرتا ہے Spending کیلئے، آپ Chasing کرتے ہیں اور جو ریونیو میں ہے، اس کی بھی آپ کرتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ فیڈرل گورنمنٹ والا بڑا Chunk جو میں نے کہا ہے کہ اس کی بالکل Justification موجود ہے، یہ بات اگر سامنے Explain properly ہو گئی ہے اور ہمیں Justify کرتی ہے تو جو باقی انہوں نے اشارہ کیا ہے، میرے خیال میں وہ Achieve ہو سکتے ہیں۔ یہ جو ایگریکلچرل ٹیکس کے حوالے سے انہوں نے بات کی، میرا خیال ہے فنانس کے لوگ بیٹھے ہیں They should recheck it، اگر یہ فگر بہت زیادہ آگے گیا ہے تو اس کو Review کیا جا سکتا ہے، If this figure is much higher، 79 ملین سے لیکر ایک بلین تک پہنچ گیا ہے تو I think it`s reasonable and again اگر کوئی Reasonable تجویز آتی ہے، کوئی Reasonable بات آتی ہے تو We must look into it، اس کو دیکھنا چاہیئے، اس میں کوئی وہ نہیں ہے۔ سکندر خان نے جو فیڈرل گورنمنٹ کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا ہے، این ایف سی کے حوالے سے، سپیکر صاحب! سچی بات یہ ہے کہ یہ میری بھی تشویش ہے اور یہ بدقسمتی ہے مسلم لیگ کی حکومت کی کہ ان کو کبھی بھی یہ توفیق نہیں ہوتی ہے کہ یہ اپنے دور میں این ایف سی کرتے ہیں، این ایف سی ایوارڈ ان کے دور میں منظور ہوتا ہے، یہ 2002 سے لیکر 08-2007 تک جو ایم ایم اے کی حکومت تھی، اس میں ہم حکومت میں تھے اور اس وقت بھی بڑی لمبی چوڑی ڈسکشنز ہوئیں، سیشنز چلے لیکن اس وقت بھی مسلم لیگ کی حکومت تھی اور یہ ہماری اس ملک کی بدقسمتی تھی کہ وہ این ایف سی ایوارڈ نہیں کر سکے اور یہ کریڈٹ پیپلز پارٹی کو اب پچھلے Tenure میں ان کو گیا کہ انہوں نے این ایف سی کر دی ہے اور ایک ایسی این ایف سی کر دی کہ جس کے نتیجے میں صوبوں کا شیئر بڑھ گیا۔ اگرچہ ہمارے کے پی کا اب ایک یہ ہے کہ جو Divisible pools سے Overall share تو بڑھ گیا لیکن ہم جس طرح Suffer کر گئے

ہیں، یہ صوبہ جس طرح Badly targeted ہے، جس طرح ہم Victimized ہو گئے ہیں، جس طرح پچھلے تیس سال سے مسلسل جنگ کا شکار رہے ہیں، بلوچستان کو اس کا جو Benefit ملا، سندھ کو ریونیو کا جو Benefit ملا، ہمارا صوبوں کے درمیاں جو فارمولا طے ہوا، اس فارمولے کے اندر ہم پیچھے چلے گئے اور میرے خیال میں ہم نمبر تھرڈ پر ہیں، ہونا چاہیئے تھا کہ ہم بلوچستان سے اب پہلے ہوتے یا بلوچستان کے بعد ہوتے لیکن اس تقسیم کے اندر ہمارے خیبر پختونخوا کا جو 'پر اپر' ہمارا شیئر ہے، وہ ہمیں نہیں ملا۔ میں ان کے ساتھ بالکل Agree کرتا ہوں کہ جو Factors ہم آئندہ این ایف سی کے اندر، انرجی رپورٹ پر وڈکشن کا انہوں نے جو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے، بڑا Valid ہے، Reasonable ہے اور فنانس منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، اس کو نوٹ کرنا چاہیئے اور اگر این ایف سی کے اوپر ڈیبیٹ ہوتی ہے تو ان چیزوں کو شامل کرنا چاہیئے، یہ ہماری Strength ہے۔ اس طرح سندھ ریونیو کو Claim کرتا ہے تو یہ ہماری بڑی Strength ہے، اس کو ہم بھی Claim کرنا چاہیں گے۔ سکندر خان نے Terrorism related endowment fund کی Operationalization کی بات کی، تو میں تجویز کرنا چاہوں گا اور آنریبل چیف منسٹر نے جاتے ہوئے مجھ سے یہ کہا بھی کہ آپ تجویز دے دیں کہ یہ بات بالکل ان کی درست ہے کہ پیسے موجود ہیں اور پیسوں کو فوری مطلب Operationalize کرنا چاہیئے اس Endowment fund کو، تو آپ اس حوالے سے اگر کوئی کمیٹی وغیرہ بنادیں، اس کے پروسیجر کیلئے اور سکندر خان کو بھی اس میں شامل کریں اور حکومت کے نمائندے بھی اس میں شامل ہوں، تو یہ بات ان کی بالکل درست ہے کہ اس پہ اب عملی کام ہونا چاہیئے۔ سر! میرا خیال ہے کہ اس بجٹ کا جو سب سے بڑا اور Unique feature ہے، وہ لوکل گورنمنٹ کے جو الیکشنز ہوئے ہیں اور جو بڑے پیمانے پر Devolution ہو رہی ہے، اس میں لوکل گورنمنٹ کیلئے 42 بلین روپے رکھنا، مختص کرنا میرے خیال میں بجٹ کا یہ سب سے بڑا Unique feature ہے اور میں آپ کو بتاتا چلوں کہ میں خود لوکل گورنمنٹ سسٹم کے اندر رہا ہوں اور میں 2002 سے 2007 کے End تک منسٹر رہا ہوں، مجھے اس وقت کے فگرز معلوم ہیں کہ Hardly مشرف کے دور میں یہ بہت زیادہ اس کا واویلا کیا جارہا تھا اس سسٹم کا، بہت زیادہ اس کی پبلیسٹی کی جارہی تھی کہ وہ بہت زیادہ پاورز ان کو دی تھیں، فنڈز دیئے تھے لیکن اس وقت ان کو کوئی One and half billion روپے

مل رہے تھے One liner کے طور پر ضلعوں کو اور جب میں لوکل گورنمنٹ منسٹر تھا تو ہم انہی فگرز کے اوپر Base کرتے تھے اور Yearly increase کرتے تھے، تو جو ٹوٹل پیسے ان کو مل رہے ہیں تو وہ کوئی 1.6 بلین کے Around وہ این ایف سی کی مد میں ان کو مل رہے تھے اور کوئی اتنے ہی ان کو Octrio اور ضلع ٹیکس کی گرانٹ کی مد میں مل رہے تھے، تو One liner ضلعوں کو اس وقت بھی کوئی تین بلین بمشکل مل رہے تھے لیکن یہ جو اس بجٹ کے اندر ہے تو اس میں 30 بلین ان کو One liner بجٹ ملے گا تو آپ Calculate کریں کہ تین بلین سے 30 بلین، It`s a huge، Phenomenal increase ہے یہ، یہ بہت بڑا Increase ہے اور Specially پھر جو ڈویژن کی گئی ہے جس طرح کہ ویلج کونسلز کو اس کا بڑا شیئر ملے گا جو کہ Gross root level کا یونٹ ہے، اس کو بڑا شیئر ملے گا، اس کو Strengthen کیا جائے گا اور وہ Dependent نہیں ہوں گی، ضلع اور ٹاؤنز کے اوپر Dependent نہیں ہوں گی، میرے خیال میں یہ بہت زیادہ ایک انقلابی اقدام ہے اس حکومت کا اور اگر یہ ریونیوز ڈسٹرکٹس کے اندر جاتے ہیں تو اس کے نتیجے میں بہت بڑی تبدیلی لوگوں کی زندگی میں آئے گی اور میرا خیال ہے کہ ضلعی حکومتوں کا سب سے بڑا مسئلہ یہی رہا ہے کہ ان کے ساتھ پیسے نہیں ہوتے ہیں، اگر ہم ان کو پیسے دیتے ہیں ڈیویلپمنٹ کیلئے تو وہ بہت زیادہ Relax feel کریں گی اور اس کے اثرات جو ہیں، اس کا Trickle down effect جو ہے، وہ بہت زیادہ ہو جائے گا۔ سر! میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کی ایک اور Uniqueness اور خصوصیت یہ ہے کہ جو ڈیویلپمنٹ بجٹ ہے، اس میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے، یعنی اس میں اگر فارن ایڈ کو آپ ملالیں تو 175 بلین، 172 بلین تک پہنچ جاتا ہے۔ آپ اگر پنجاب کا جائزہ لیں گے تو کوئی 1400 بلین ان کا بجٹ ہے جس کے اندر ان کا 400 بلین کے Around جو ہے ڈیویلپمنٹ بجٹ ہے، تو اگر آپ پنجاب کی آبادی کو دیکھیں اور اس کے ریونیوز کو دیکھیں، اس کی Strength کو دیکھیں اور یہ Compare کریں، ہم اپنے بجٹ کی، اپنے ریسورسز کی ان سے زیادہ Percentage جو ہے وہ ڈیویلپمنٹ پہ خرچ کر رہے ہیں اور جو ڈیویلپمنٹ پہ Directly خرچ نہیں ہوتا ہے، وہ ویلفیئر کے اوپر جو Recurrent، مطلب جاری اخراجات کے اندر ویلفیئر کے اوپر خرچ ہوتا ہے، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو بجٹ ہے، یہ صوبے کے جو حالات ہیں، اس کے اندر انتہائی متوازن اور 'بیلنسڈ' بجٹ پیش کیا گیا ہے اور میں

فنانس منسٹر کو مبارکباد دینا چاہوں گا۔ سر! میں یہ آپ کے علم میں لانا چاہوں گا کہ اخبارات کے اندر پرسوں، کل مسلسل اخبارات کے اندر اس بجٹ کے اوپر مختلف اخبارات نے اداریے لکھے ہیں اور میرے خیال میں یہ ہمارے لئے ایک اعزاز کی بات ہے کہ پچھلے سال بھی 'ڈان' اور 'دی نیوز' جیسے اخبارات نے بھی اداریے لکھے تھے ہمارے بجٹ کے اوپر اور اس سال بھی اخبارات نے اداریے لکھے ہیں اور اس بجٹ پر بحیثیت مجموعی یعنی تنقید بھی ہوئی ہے، بحیثیت مجموعی اس بجٹ کی تعریف کی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک لحاظ سے اگر ہم اس کو Compare کریں گے فیڈرل گورنمنٹ کے بجٹ سے اور دوسرے بجٹ سے، زیادہ Innovative budget ہے، زیادہ Progressive budget ہے اور زیادہ Pro-poor budget ہے اور زیادہ ڈیویلپمنٹ پہ Focussed budget ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو Input اپوزیشن کی طرف سے آنا تھا، وہ نہیں آرہا ہے، ہمیں اس پر افسوس ہے لیکن جو ساتھی بیٹھے ہوئے ہیں ٹریژری بنچز کے بھی، ان کا بھی جو Input آئے گا، کوشش کریں گے کہ ان کو Incorporate کریں۔ تھینک یو ویری مچ سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ عنایت خان۔ اچھا، یہ جناب سعید گل صاحب، سردار فرید احمد خان صاحب، جناب محمد رشاد خان، جناب محمود خان، ملک نور سلیم، جناب جعفر شاہ صاحب، ملک بہرام صاحب نے چٹ بھیجی ہے کہ میں کسی اور وقت، جناب صالح محمد صاحب، جناب عبدالمنعم صاحب، یہ لسٹ Exhaust ہو گئی ہے، جو بھی بات کرنا چاہے، وہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت وحرفت): جناب سپیکر! زه خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: عبدالمنعم صاحب! آپ کی تو۔۔۔۔۔

معاون خصوصی برائے صنعت وحرفت: جناب سپیکر صاحب! شکریه۔ په بجټ د خبرو کولو خو بهرحال دغه دے، زه به یو دوه درې خبرې اوکړمه جی۔ بجټ خو په هر لحاظ ډیر زیات بنه پیش شوے دے، Overall د صوبې په سطح ځکه چې 84 بلین د تیر کال نه زیات پیش شوے دے، دا د خوشحالئ خبره ده خو زما لړه غوندې ګیله ده، او متل دے 'ګیله د خپلو نه کیږی' د پردو نه ښوک ګیله نه کوی، نو هغه ګیله مې دا ده چې یره دا بجټ خاص یو پینځه شپږو ضلعو باندې مختص

شوے دے او فوکس شوے دے او مونږه ترې ډیر لرې پاتې شوی یو جی۔ ما دا بجټ پوره کتلے دے، زه وایم چې پوره بجټ کښې یو دومره کتابونه دی، ما درې کسان راوستی دی په هغه کتابونو وړلو پسې، زه ډیر خوشحاله ووم، هغه چې ما اوکتل صرف درې ځائې د شانګلې نوم راغلے دے، یو PK-87 کښې دے او دوه PK-88 کښې، لکه هیڅ پکښې داسې د خوشحالئ خبره نشته چې زه د بجټ نه وروستو کلی ته لاړ شمه او هغوی ته اووایم چې دا اوشو او دا اوشو، نو دا ډیره د افسوس غوندې خبره ده، زما خیال دے چې د برابرئ په بنیاد باندې یوه خبره نه وی نو بیا سړی کلیغی هم ډیره نه کیږی، پکار خو دا وه چې دا په Need base شوے وے بلکه اکثر تاسو پکښې یوه خبره کوئ چې دا سکولونو ته باؤنډری وال اوکړئ، حفاظتی دغه اوکړئ د سیکورټی لحاظ سره، نو ما له افسوس په دې راشی، زما په ضلع شانګله کښې 75 سکولونه د 2005 نه شته دی نه، زلزله کښې نړیدلی دی او اوسه پورې د هغې هغه بلډنګونه نشته نو باؤنډری وال څه شی ته اوکړو؟ هغه ماشومان واؤرو ته او غرمو ته سبق وائی، هغه ټینټونو پورې، سپیکر صاحب! ټینټونه هم نشته دے چې هغوی له مونږه ټینټونه ورکړو، نو زه وایم چې یره ځنې خبرې داسې وی، نن خو ښه ده تالیاں بجاؤل نشته نو ځکه دا خبرې کوم چې یره حزب اختلاف نشته، اکثر بیا هغوی زیات زما نه تیز شی خو زه وایم چې یره کم از کم مونږه هم د شانګلې دا خلق د دې صوبې اوسیدونکی یو او ډیر مایوس کن بجټ دے د پاره د ضلعې، نو زمونږه 75 سکولونه دی، زما په ضلع کښې بالکل د 2005 نه نشته، نه په ERRA کښې راغلل نه په PERRA کښې راغلل او نه دلته ورته څه خاص، دوه درې څلور پیرې ما درخواست هم ورکړے دے، سی ایم صاحب سره هم ملاؤ شوے یم، زه وایم په ترجیحی بنیاد د دا فنډ تقسیم شی نو دا به ډیره ښه وی او د پاپولیشن په بنیاد، زه دا نه وایم د پیښور مقدار بجټ د مونږه ته ملاؤ شی یا د دیر مقدار ځکه چې د دیر مقدار زمونږه حیثیت نشته یا مطلب دا ستا صوابی، خو زه وایم چې صرف د پاپولیشن په لحاظ چې یره څومره مونږه خو ډیر غریبانان یو، په غربت نه خو هغه د مالدارو مقدار حصه، لکه د پاپولیشن په حساب سره مونږ ته ملاؤ شی نو هغه زمونږه د پاره لږ غوندې څه خو وی کنه، مطلب دا چې خپلې

ضلعې ته لاړ شو، زه خو ضلعې ته بالکل نشم تلے ، بالکل نشم تلے او زما د تیر کال 61 ملین روپئ اوس هم پاتې دی، د تیر کال، تاسو هغه ورځ وئیل چې دا مشران زمونږه وائی چې دا په دغه باندې شیئر وی، لکه بیا وائی دا په دې وی، بهرحال اوړه پاوړه اوشی خو هغه بل بجټ راشی، هغه زما 61 ملین اوس هم پاتې دی۔ نو که چرې داسې وی نو دا خو زه وایم چې یره که یو کس دا شے خوری نو دا به زمونږه د پاره داسې شی، ما ته یو متل یاد شی جی، یوه قصه ده، پخوا یو پیر وو پیر، مریدان هم ورسره ډیر شے وو، نو هغه به چې چا به څه شے راوړو، هغه پیر به ځان له اوخوړلو، وئیل به ئے چې یره ما خو اوخوړل تاسو اوخوړل کنه؟ هغه داسې وړی تږی زمونږ په شان گرځیدل، بیا پیر د سیند په غاړه اودس کولو، چې اودس ئے کولو، دے سیند واخستو، چې سیند واخستو نو هغه مریدانو ته ئے نعرې اووهلې، هغوی ورته اووئیل چې ته ئے یوړې مونږ ئے یوړو، نو که یو ورځ داسې راشی چرته په قهر شو نو مونږه یقین اوکړه د هغه مریدانو په شان به وایو چې تاسو ئے یوړئ، مونږه ئے هم یوړو۔ نو مونږه سره ډیر زیات زیاتے ، یقین اوکړه تاسو دا پوره کتابونه اوگورئ چې سرے په څلور کسه کتابونه وړی، په هغې کښې د شانگلې یا یو څو نورې ضلعې هم دی خو د پردی په ځائې گیلې نه کوؤ، خپله کوؤ، د هغې پکښې د سره نوم نشته۔ نو زه خو دا وایم چې یره که فرض کړه دوئ واک آؤټ نه وی کړے نو ما به کولو، بیا خالص زما خیال دے بتیس پاتې کیږی نو لهذا ستاسو د هغه مشرانو لحاظ دے ، زه واک آؤټ نه کوم خو کم از کم زما په دې خبره باندې سنجیدگئ سره غور اوکړئ او داسې نه چې دوباره دوئ چرته وی او ما سره پاخی۔ شکریه۔

